سبق-8

نوائے جرس

بڑھے چلو ، بڑھے چلو ، بڑھے چلو ، بڑھے چلو

برادرانِ نوجواں ، غرور کا رواں ہو تم　　جہان پیر کے لئے شبابِ جاوداں ہو تم

تمہارے حوصلے جواں ، بڑھے چلو بڑھے چلو

برادران نوجواں ، بڑھے چلو بڑھے چلو

سلامِ موجِ گنگ لو مجاہدانِ حُریت　　ہیں گلفشاں بہشت سے پیمبرانِ حُریت

کھلا ہے عرصۂ جہاں ، بڑھے چلو بڑھے چلو

برادران نوجواں ، بڑھے چلو بڑھے چلو

Sarva Shiksha-2015-16(Free)

قسم تمہارے عزم کی ، فدا تمہاری شان کے   بڑھا کے ہاتھ توڑ لو ستارے آسمان کے
جھکا دو شاخِ کہکشاں ، بڑھے چلو بڑھے چلو
برادران نوجواں ، بڑھے چلو بڑھے چلو

رُکے نہ پائے جستجو، بچھے ہیں خار راہ میں   جھکے نہ پرچم وعلم ، کھڑے ہیں دار راہ میں
مثالِ گردِ کارواں ، بڑھے چلو بڑھے چلو
برادرانِ نوجواں ، بڑھے چلو بڑھے چلو

کھلے ہیں پھول زخم کے ، اجل گلے کا ہار ہے   لہو سے سرخ ہیں کفن ، یہ مژدۂ بہار ہے
نثار تیغ خوں فشاں ، بڑھے چلو بڑھے چلو
بردرانِ نوجواں ، بڑھے چلو بڑھے چلو

- علامہ جمیل مظہری

آپ نے پڑھا اور جانا

علامہ جمیل مظہری بہار کے معروف شعراء میں شمار ہوتے ہیں، وہ اپنی نظمیہ اور غزلیہ شاعری کے لئے یکساں طور پر مقبول ہیں۔ ان کے کئی شعری مجموعے شائع ہو کر منظر عام پر آ چکے ہیں۔ ان کے یہاں موضوعاتی نظمیں، حمدیہ اور نعتیہ کلام کثرت سے موجود ہیں، اس کے علاوہ قصائد اور ہجویات کے بھی نمونے مل جاتے ہیں، فکر جمیل، 'عکس جمیل' وغیرہ مجموعے نصاب میں بھی شامل ہیں، یہ نظم حب الوطنی کے جذبے سے سرشار ہو کر تخلیق کی گئی ہے۔ ساتھ ہی عزم اور حوصلے کو بھی تقویت پہنچانے میں حد درجہ کامیاب ہے۔

مشکل الفاظ کے معنی

لفظ	معنی	لفظ	معنی
نوا	آواز	جہان	دنیا
جرس	گھنٹہ	عزم	ارادہ
برادران	بھائیوں، برادر کی جمع	فدا	نچھاور
غرور	گھمنڈ	شاخ	ٹہنی
کارواں	قافلہ	کہکشاں	ستاروں کی جُھر مُٹ
پیر	بوڑھا	جستجو	تلاش
شباب	جوانی	خار	کانٹا
جاوداں	ہمیشہ	علم	جھنڈا
موج گنگ	گنگا ندی کی لہریں بھنور	دار	پھانسی، سُولی
مجاہدانِ حُریّت	آزادی کے سپاہی مجاہد	اجل	موت
گلفشاں	پھول چھڑکنے والا	لہو	خون
بہشت	فردوس، جنت	مُژدہ	خوشی کی خبر، خوش خبری
نثار	قربان	تیغ	تلوار

1. معروضی سوالات

(i) علامہ جمیل مظہری کا تعلق کس صوبہ سے ہے؟

(الف) اتر پردیش　(ب) ہماچل پردیش

(ج) بہار　(د) مغربی بنگال

(ii) ان میں سے کون سا شعری مجموعہ جمیل مظہری کا ہے؟

(الف) دیوان جمیل　(ب) عکس جمیل

(ج) اشعار جمیل　(د) کلیات جمیل

(iii) یہ نظم کس جذبے سے سرشار ہے؟

(الف) حصول علم　(ب) حصول زر

(ج) حب الوطنی　(د) ترقی وترویج

(iv) اس نظم میں شاعر نے کس کو خاص طور سے مخاطب کیا ہے؟

(الف) بوڑھوں کو　(ب) خواتین کو

(ج) نوجوانوں کو　(د) بچوں کو

(v) نوائے جرس کے معنی کیا ہیں؟

(الف) نوجوانوں کی آواز　(ب) گھوڑے کے ٹاپوں کی آواز

(ج) گھنٹے کی آواز　(د) جانوروں کی آواز

2. مندرجہ ذیل نامکمل مصرعوں کو قوسین میں دیئے گئے الفاظ سے مکمل کیجئے

☆ جہان پیر کیلیے شباب............ہو تم　(جاں فشاں، جاوداں)

☆ سلام موج گنگ لو مجاہدین............　(جہاد، حریّت)

☆ قسم تمہارے عزم کی فدا تمہاری..........کے (شان، حوصلے)

☆ جھکے نہ پرچم و علم..........دار راہ میں (کھڑے ہیں، پڑے ہیں)

☆ برادران..........بڑھے چلو بڑھے چلو (کارواں، نوجواں)

3. **مختصر ترین سوالات**

(i) جمیل مظہری کیا ہیں؟

(ii) فکر جمیل کیا ہے؟

(iii) عکس جمیل کیا ہے؟

(iv) حب الوطنی کا کیا مطلب ہے؟

(v) اس مصرعے سے کیا جھلکتا ہے۔

برادران نوجواں بڑھے چلو، بڑھے چلو

4. **مختصر سوالات**

(i) علامہ جمیل مظہری کی نظم 'نوائے جرس' سے کیا سبق ملتا ہے؟

(ii) اس نظم میں انہوں نے کس بات پر زور دیا ہے؟

(iii) انہوں نے نوجوانوں کو خاص طور سے کیوں مخاطب کیا ہے؟

(iv) آزادی کی لڑائی کس جذبے کے ساتھ لڑی گئی؟

(v) جمیل مظہری کی شاعری کی خصوصیات کیا ہیں؟

5. احمد کو آم کھانا ہے، آپ کو پٹنہ جانا ہے۔ ان جملوں میں لفظ ''کھانا'' اور ''جانا'' کسی کام کو واضح کرتا ہے لہٰذا فعل اسے کہتے ہیں جس سے کسی کام کے کرنے یا ہونے کا پتہ چلتا ہے جیسے: پڑھنا، لکھنا، وغیرہ۔ فعل مرکب اسے کہتے ہیں جو دو لفظوں سے مل کر بنا ہو، جیسے رشوت لینا، گالی دینا، ظلم کرنا وغیرہ۔

مندرجہ بالا تعریفوں کی روشنی میں درج ذیل کو فعل مرکب میں تبدیل کریں۔

کرنا ....

دینا ....

چلنا ....

لینا ....

کھانا ....

پینا ....

6. **مندرجہ ذیل محاوروں کو جملوں میں استعمال کیجئے**

سر سے کفن باندھنا۔ سر اٹھانا۔ جان ہتھیلی پر لئے پھرنا۔

جان کی خیر منانا خاک کا پیوند ہونا

عملی سرگرمیاں:

- علامہ جمیل مظہری کی تصویر حاصل کیجئے اور اسے اپنے کاپی میں اسکیچ کیجئے
- اس نظم کو یاد کیجئے اور ترنم کے ساتھ اپنے دوستوں کو سنایئے
- جمیل مظہری کی دوسری نظموں کے متعلق اپنے استاد سے جانکاری حاصل کیجئے۔